کیا نمازِ تراویح میں بھی مقتدی کے لیے اقتداء کی نیت کرنا ضروری ہے؟

مجیب: ابومحمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12792

تاریخ اجراء: 17 رمضان المبارک 1444ھ /08 اپریل 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص تراویح کی نماز امام کے پیچھے پڑھ رہا ہے تو کیا اس میں بھی اقتداء کی نیت کرنا ضروری ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! امام کے پیچھے نمازِ تراویح کی درست ادائیگی کے لیے امام کی اقتداء کی نیت کرنا ضروری ہے، کیونکہ فرض واجب ہر کسی قسم کی نماز میں اقتداء درست ہونے کی شرائط میں سے پہلی شرط ہی یہ ہے کہ مقتدی اقتداء کی نیت کرے۔

چنانچہ درِ مختار میں ہے: ”الصغری ربط صلاۃ المؤتم بالإمام بشروط عشرۃ: نیۃ المؤتم الاقتداء۔“ یعنی امامتِ صغرٰی سے مراد مقتدی کا دس شرائط کے ساتھ اپنی نماز کو امام کی نماز کے ساتھ ملانا ہے (اقتداء کی شرائط میں سے پہلی شرط) مقتدی کا اقتداء کی نیت کرنا ہے۔

(نیۃ المؤتم) کے تحت فتاوٰی شامی میں ہے: ”أي الاقتداء بالإمام، أو الاقتداء به في صلاته أو الشروع فيها أو الدخول فيها بخلاف نية صلاة الإمام. وشرط النية أن تكون مقارنة للتحريمة أو متقدمة عليها بشرط أن لا يفصل بينها وبين التحريمة فاصل أجنبي كما تقدم في النية ح“ یعنی مقتدی امام کی اقتداء کی نیت کرے یا اس کی نماز میں اقتداء کی نیت کرے یا امام کی نماز شروع کرنے یا امام میں کی نماز میں داخل ہونے کی نیت کرے برخلاف امام کے نماز پڑھانے کی نیت کرنے کے۔ نیت میں شرط یہ ہے کہ وہ تحریمہ سے ملی ہوئی ہو یا اس سے پہلے کی ہو بشرطیکہ نیت اور تحریمہ کے مابین اجنبی فاصلہ نہ پایا جائے، جیسا کہ ماقبل نیت کے باب میں یہ بات گزر چکی

ہے، علامہ حلبی علیہ الرحمہ نے اسے ذکر کیا ہے۔(ردالمحتار مع الدرالمختار، کتاب الصلاۃ، ج02، ص338-337، مطبوعہ کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے: "اقتدا کی تیرہ (۱۳) شرطیں ہیں: **(۱) نیت اقتدا۔**" (بہارِ شریعت، ج01، ص562، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مزید ایک دوسرے مقام پر صدر الشریعہ علیہ الرحمہ اس حوالے سے ارشاد فرماتے ہیں: "مقتدی کو اقتدا کی نیت بھی ضروری ہے۔" (بہار شریعت، ج01، ص495، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net